PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان کرکٹ بورڈ، قومی کرکٹ ٹیم کا مشکور

لاہور، 2 ستمبر 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان نے مشکل اور غیر معمولی حالات میں انگلینڈ کا دورہ مکمل کرنے پر قومی کرکٹ ٹیم کے 44 رکنی اسکواڈ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وسیم خان نے سفری طور پر محدود دس ہفتوں پر مشتمل اس ٹور میں کوویڈ19 پروٹوکولز پر عملدرآمد کرنے پر اسکواڈ میں شامل اراکین کو مبارکباد بھی پیش کی ہے۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ وہ ان مشکل ترین اور غیر معمولی حالات میں کرکٹ کی بحالی کی غرض سے بہادری، قربانی اور عزم کا مظاہرہ کرنے والے ہر کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف پی سی بی بلکہ دنیا بھر میں موجود کرکٹ برادری اور شائقین اس عمل کو سراہنے کے ساتھ ساتھ ان کی تعریف کررہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی نے کہا کہ مشکل وقت میں اپنے پیاروں اور قریبی افراد کے ساتھ وقت گزارنا انسانی جبلت ہے مگر ان کھلاڑیوں نے ملک اور کھیل کے وسیع تر مفاد کی خاطر اس دورے کے لیے رضامندی کا اظہار کیا۔

وسیم خان نے کہا کہ کوویڈ19 کی وباء کے پھیلاؤ کے سبب دستبرداری کی آپشن کے باوجود ان کھلاڑیوں کی جانب سے

اڑھائی ماہ کے لیے شیڈول اس ٹور کے لیے آمادگی ظاہر کرنے پر وہ بہت فخر محسوس کرتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے پر ہمارے کھلاڑیوں نے نہ صرف مسابقتی کرکٹ کھیلی بلکہ بھرپور مقابلہ کیا جس سے پاکستان، کرکٹ اور پی سی بی کی ساکھ میں اضافہ ہوا، اگرچہ تاریخ اس دورے کو کئی مواقع گنوانے سے یادرکھے گی مگر یہاں یہ بھی یادرکھا جائے گا کہ ان شاندار کرکٹرز نے اس دورے کے لیے کرکٹ اور قومی مفاد کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ ان جیسے کھلاڑیوں کی موجودگی میں پاکستان میں کرکٹ کا مستقبل محفوظ اور روشن ہے۔

وسیم خان نے کہا کہ وہ اپنے کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کی آج بخیروعافیت وطن واپسی کے لیے دعاگو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس موقع پر ٹیم کی شاندار میزبانی کرنے پر انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے، ان کا بھرپور خیال رکھا گیا اور انہیں بہترین سہولیات فراہم کی گئی۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی نے کہا کہ اب ہم آئندہ چند ماہ ای سی بی کے ساتھ مل کر انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے 2022 میں دورہ پاکستان پر کام کرنے کے منتظر ہوں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth,

through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

Partners

pepsi · easypaisa · SABROSO THE CHICKEN SPECIALIST · Lifebuoy

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4